NHS

UK Health Security Agency

# حاملہ ہیں؟

## یہ ویکسینز آپ، آپ کے بچے اور آپ کے حمل کو تحفظ دینے میں مدد دیتی ہیں



**فلو** (انفلوئنزا)

**کالی کھانسی** (پرٹیوسس)

**ریسپائریٹری سنسیشل وائرس** (RSV)

دوسری ویکسینز اور انہیں لینے کے وقت پر اضافی مشورے کے ساتھ

immunisation

**اس کتابچے میں مفت ویکسینز کی معلومات دی گئی ہیں جو محفوظ رکھ سکتی ہیں**

- **آپ کو**
- **آپ کے حمل کو، اور**
- **آپ کے نوزائیدہ بچے کو**

**انفیکشن کی پیچیدگیوں سے**

## ویکسینز کیسے کام کرتی ہیں؟

ویکسینز آپ کے جسم کے قدرتی دفاعی نظاموں (مدافعتی نظام) کی شناخت اور مخصوص چھوتی امراض سے لڑنے میں مدد دیتی ہیں۔

جب آپ کو ویکسین لگائی جاتی ہے تو آپ کا مدافعتی نظام بہتر ہو کر آپ کو بیمار پڑنے سے بچانے اور آپ کے حمل کے تحفظ میں مدد دیتا ہے۔ پھر اینٹی باڈیز آپ کے پیٹ میں موجود بچے تک پہنچ کر اُسے پیدائش کے وقت سے لے کر اُس کی زندگی کے ابتدائی چند ہفتوں اور مہینوں تک تحفظ دینے میں مددگار ہوتی ہیں۔

### کیا میں ویکسین لگوانے کے بعد اپنے بچے کو اپنا دودھ پلا سکتی ہوں؟

جی ہاں، خود کو MMR، فلو، کالی کھانسی اور RSV ویکسینز لگوانے کے بعد اپنے بچے کو اپنا دودھ پلانا محفوظ ہے۔ حمل کے دوران یا بعد میں لگائی جانے والی کچھ ویکسینز کی صورت میں، آپ کے دودھ میں اینٹی باڈیز ہوں گی لہٰذا آپ اپنا دودھ پلا کر اس تحفظ کو اپنے بچے میں منتقل کرنا جاری رکھ سکتی ہیں۔

# حمل کے دوران دی جانے والی ویکسینز

## کالی کھانسی (پرٹیوسس)

کالی کھانسی ایک انتہائی چھوتی مرض ہے جو چھوٹے بچوں کے لیے بہت سنگین ہو سکتا ہے۔ کالی کھانسی میں مبتلا زیادہ تر چھوٹے بچوں کو اسپتال میں نگہداشت کی ضرورت پڑتی ہے۔

کالی کھانسی سے کھانسنے اور حلق بند ہونے کے لمبے دورے پڑ سکتے ہیں جس سے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ کھانسی کے ہر دورے کے بعد منہ کھول کر سانس لینے سے 'whoop' کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

کالی کھانسی 2 یا 3 ماہ تک جاری رہ سکتی ہے۔ اس سے نمونیا، مرگی اور مستقل دماغی نقص پیدا ہو سکتا ہے۔ بدترین صورتوں میں، اس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

## مجھے کالی کھانسی کی ویکسین کی ضرورت کیوں ہے؟

جب آپ حاملہ ہوں تو کالی کھانسی کی ویکسین آپ کے اپنے تحفظ میں اضافہ کرے گی۔ آپ کے جسم سے خارج ہونے والے اینٹی باڈیز نال کے ذریعے آپ کے بچے میں بھی داخل ہو جائیں گے۔ یہ اینٹی باڈیز آپ کے بچے کو اُس کی زندگی کے ابتدائی ہفتوں میں کالی کھانسی کے خلاف تحفظ دینے میں مددگار ہوں گے۔



## مجھے ویکسین کب لگوانی چاہیے؟

آپ کو اپنی کالی کھانسی کی ویکسین عموماً اپنے حمل کے درمیانی مدت کے اسکین کے قریب تر وقت میں (عموماً 20 ہفتوں کے حمل میں) لگوانی چاہیے لیکن آپ اسے 16 ہفتوں میں بھی لگوا سکتی ہیں۔

اگر آپ کے حمل کو 20 ہفتے ہو چکے ہیں اور آپ نے ابھی تک ویکسین نہیں لگوائی ہے، تو اپنے GP سرجری یا مڈوائف سے بات کریں اور پہلی فرصت میں ویکسین لگوانے کے لیے ایک اپائنٹمنٹ طے کریں۔

اپنے بچے کو بہترین تحفظ فراہم کرنے کے لیے، آپ کو 32 ویں ہفتے تک ویکسین لگوا لینی چاہیے۔ اگر آپ کو اس میں دیر ہو جائے، تو آپ اپنے حمل میں تاخیر سے بھی ویکسین لگوا سکتی ہیں لیکن یہ کم مؤثر ہوگی۔ اگر اپنے بچے کی پیدائش سے پہلے ویکسین لگوانا ممکن نہ ہو، تو آپ بعد میں بھی اسے لگوا سکتی ہیں، جس سے آپ کے بچے میں کالی کھانسی کے پھیلاؤ کے خطرے میں کمی آئے گی۔ ہر حمل میں کالی کھانسی کی ویکسین لگوانا اہم ہے تاکہ آپ کے اینٹی باڈی کی سطح میں اضافہ ہو اور آپ کے بچے کو تحفظ ملے۔

## میں سمجھی تھی کہ بچوں کو کالی کھانسی کی ویکسین دی جاتی ہے؟

UK میں، بچوں کو ان کی پیدائش کے بعد 8، 12 اور 16 ویں ہفتے میں کالی کھانسی کی ویکسین دی جاتی ہے۔ بہت سے بچے جنہیں کالی کھانسی کا شدید عارضہ لاحق ہو، انہیں اپنی زندگی کے ابتدائی ہفتوں میں انفیکشن ہو جاتا ہے۔ اس عمر میں اپنے بچے کو تحفظ دینے کا واحد راستہ یہ ہے کہ حمل کے دوران کالی کھانسی کی ویکسین لگوائی جائے۔

## ویکسین کتنی مؤثر ہے؟

UK کے تحقیقی مطالعوں سے معلوم ہوا ہے کہ نوزائیدہ بچوں میں کالی کھانسی کے تحفظ کے لیے حمل میں ویکسین لگوانا تقریباً 90% مؤثر ہے۔

ویکسین سے جو تحفظ آپ کو ملتا ہے اُس کا یہ مطلب بھی ہے کہ آپ میں کالی کھانسی کا مرض پیدا ہونے اور بچے میں اس کے منتقل ہونے کا امکان بھی کم ہو گیا ہے۔

## مجھے کونسی ویکسین لگائی جا رہی ہے؟

حمل میں جو ویکسین ہم لگاتے ہیں وہ ٹیٹنس اور ڈپتھیریا کے خلاف بھی تحفظ دیتی ہے۔ ان سے اُس تحفظ میں مزید اضافہ ہوگا جو آپ کو معمول کی بچپن کی ویکسینز سے ملا تھا۔

آپ Adacel ویکسین کے بارے میں یہاں پڑھ سکتے ہیں:
www.medicines.org.uk/emc/product/15553/pil#gref

## کیا حمل میں کالی کھانسی کی ویکسین لگوانا محفوظ ہے؟

یورپ کے بہت سے ممالک، شمالی اور جنوبی امریکہ، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کالی کھانسی کی ویکسین حمل میں استعمال کرتے ہیں اور اس کی جانب سے تحفظ کی فراہمی کا ریکارڈ شاندار ہے۔

اپنے نوزائیدہ بچے کو کالی کھانسی کے خطرے سے دوچار کرنے کے بجائے، ویکسین لگوانا آپ اور آپ کے بچے کے لیے کہیں زیادہ محفوظ تر ہے۔

**»** **ہر حمل میں کالی کھانسی کی ویکسین لگوا کر اپنے بچے کے تحفظ میں مدد دیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو کالی کھانسی کے خلاف اُس کی ذاتی ویکسینیشن بھی اس کی عمر کے 8، 12 اور 16 ویں ہفتے میں لگائی جائے۔**

## ریسپائریٹری سنسیشل وائرس (RSV)

ریسپائٹری سینسیشئیل وائرس یا RSV ایک عمومی وائرس ہے جو کہ پھیپھروں کے انفیکشن کا باعث بن سکتا ہے جسے برونکالائٹس کہا جاتا ہے۔ چھوٹے بچوں میں یہ علامت سانس لینے اور دودھ پینے میں دشواری کا باعث ہو سکتی ہے۔ برطانیہ میں، ہر سال تقریباً 20,000 شیر خوار بچے برونکالائٹس کے مرض کی وجہ سے ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں اور ان میں سے کچھ کو انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک مختصر تعداد میں بچے مر بھی جاتے ہیں۔

قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے، اور جنہیں دل، سانس لینے یا مدافعتی نظام کا عارضہ لاحق ہو، ایسے بہت چھوٹے بچوں میں RSV زیادہ سنگین ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ RSV انفیکشنز پورا سال ہو سکتے ہیں لیکن ان کے کیسز ہر موسمِ سرما میں بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔

## مجھے RSV کی ویکسین کیوں لگوانی چاہیے؟

حمل کے دوران RSV کی ویکسین لگوانا آپ کے تحفظ میں اضافے کا باعث ہوگا۔ آپ کے جسم سے پیدا ہونے والے اینٹی باڈیز آپ کے پیٹ میں موجود بچے میں منتقل ہو جائیں گے۔ یہ اینٹی باڈیز آپ کے بچے کو اُس کی پیدائش سے ہی RSV کے خلاف تحفظ میں مدد دیں گے۔

## مجھے ویکسین کب لگوانی چاہیے؟

آپ کو ویکسین پیدائش سے پہلے تقریباً 28 ہفتے کے اپائنٹمنٹ پر لگوانی چاہیے۔

آپ کو 28 ویں ہفتے میں یا اس کے بعد جتنا جلد ممکن ہو اپنی ویکسین لگوا لینی چاہیے۔ اس سے آپ کو پیدائش سے پہلے اپنے بچے کو منتقل کرنے کے لیے اینٹی باڈیز کی اچھی سطح بنانے میں مدد ملے گی۔

اگر وقت نکل جائے تو آپ اپنے حمل میں تاخیر سے بھی ویکسین لگوا سکتی ہیں لیکن تب یہ کم مؤثر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کے لیے پہلے ویکسین لگوانا ممکن نہیں ہو سکا، تو یہ بچہ پیدا ہونے تک بھی لگوائی جا سکتی ہے۔

آپ کو اپنے ہر بچے کو بہترین تحفظ فرہم کرنے کے لیے ہر حمل میں RSV ویکسین لگوانی چاہیے۔

### RSV ویکسین کتنی مؤثر ہے؟

تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ RSV ویکسین آپ کے بچے میں اُس کی زندگی کے پہلے 6 مہینوں میں شدید برونکالائٹس کے خطرے کو 70% تک کم کر دیتی ہے۔

تمام ادویات کی طرح، کوئی بھی ویکسین پوری طرح مؤثر نہیں ہوتی اور کچھ بچوں کو ان کی ماؤں کو ویکسین لگوانے کے باوجود RSV انفیکشن ہو سکتا ہے۔ تاہم، ویکسین لگوانے والی ماؤں سے پیدا ہونے والے بچوں میں، کوئی بھی RSV انفیکشن کم شدت کا حامل ہونا چاہیے۔

### مجھے کونسی ویکسین لگائی جا رہی ہے؟

آپ اس کے بارے میں یہاں پڑھ سکتے ہیں: www.abrysvo.com

### کیا حمل کے دوران RSV ویکسین لگوانا میرے بچے کے لیے محفوظ ہے؟

تقریباً 4,000 خواتین کے ایک طبی جائزے میں، ویکسین سے اچھے تحفظ کا ریکارڈ ملا اور اب یہ UK، یورپ اور USA میں ادویات کے ریگولیٹرز کی جانب سے منظورشدہ ہے۔ تب سے لاکھوں خواتین نیشنل پروگرامز میں ویکسین لگوا چکی ہیں، جن میں 100,000 سے زائد خواتین USA کی ہیں۔

طبی جائزے میں یہ سامنے آیا کہ ویکسین نہ لگائے جانے والے گروپ کے مقابلے میں ویکسین گروپ میں بچوں کی معمولی زیادہ تعداد کی پیدائش جلدی ہوئی۔ یہ فرق بظاہر اتفاقاً لگتا ہے، مگر اس کی وجہ سے بھی ویکسین آپ کے حمل کے شروع میں لگانے کے بجائے 28 ویں ہفتے میں لگائی جا رہی ہے۔ مجموعی طور پر، اپنے نوزائیدہ بچے کو RSV انفیکشن کے خطرے سے دوچار کرنے کے بجائے، اپنی ویکسین لگوا لینا آپ اور آپ کے بچے کے لیے زیادہ محفوظ تر ہے۔

**» حمل کے دوران اپنی RSV ویکسین لگوائیں تاکہ آپ کے بچے کو زندگی کے ابتدائی 6 ماہ میں بہترین تحفظ ملے۔**

## انفلوئنزا (فلو)

### فلو کیا ہے؟

فلو ایک انتہائی چھوتی مرض ہے جس کی علامات میں بخار، کپکپاہٹ، جسمانی درد، سر درد اور بے پناہ تھکاوٹ شامل ہیں۔ حاملہ خواتین میں فلو کی سنگین پیچیدگیاں پیدا ہونے کا امکان نسبتاً زیادہ ہوتا ہے، خصوصاً حمل کے آخری مراحل میں، ان پیچیدگیوں میں نمونیا اور حتیٰ کہ موت واقع ہونا بھی شامل ہے۔

فلو آپ کے حمل کے لیے بھی خطرہ بن سکتا ہے، جس کے نتائج میں بچے کی قبل از وقت پیدائش، پیدائش کے وقت وزن کم ہونا اور مردہ بچہ پیدا ہونا شامل ہیں۔

فلو نوزائیدہ اور شیر خوار بچوں کے لیے بھی انتہائی سنگین ہو سکتا ہے۔

### مجھے حمل میں فلو ویکسین کی ضرورت کیوں ہے؟

فلو ویکسین حمل کے دوران آپ کے شدید فلو میں مبتلا ہونے، اسپتال میں داخل ہونے یا انتہائی نگہداشت میں رکھنے جانے کا امکان کم کرتی ہے۔ یہ حمل کی پیچیدگیوں کا خطرہ بھی کم کرتی ہے۔

یہ ویکسین فلو کے خلاف آپ کی اینٹی باڈیز میں اضافہ کرتی ہے جو پھر آپ کے پیٹ میں موجود بچے تک منتقل ہو جاتی ہیں۔ اس سے آپ کے نوزائیدہ بچے کو اُس کی زندگی کے ابتدائی چند مہینوں میں کچھ تحفظ مل جاتا ہے۔

آپ میں بھی موسمِ سرما میں فلو میں مبتلا ہونے اور اپنے نوزائیدہ بچے میں اس کی منتقلی کا امکان ہو جائے گا۔

### مجھے ویکسین کیوں لگوانی چاہیے؟

فلو کی ویکسین ہر سال عموماً ستمبر سے دستیاب ہوتی ہے اور حاملہ خواتین کے لیے یہ مفت ہوتی ہے۔

ستمبر میں دستیاب ہوتے ہی آپ کو یہ ویکسین لگوا لینی چاہیے، چاہے آپ کے حمل کا مرحلہ جو بھی ہو۔ سب سے بہتر تو یہ ہے کہ آپ کو فلو کا موسم شروع ہونے سے پہلے اپنی ویکسین لگوا لینی چاہیے، لیکن آپ موسمِ سرما میں بھی کسی بھی وقت اسے لگوا سکتی ہیں۔

آپ کو فلو کے موسم میں ہر بار حاملہ ہونے پر نئی فلو ویکسین لگوانی ہوگی۔

## کیا حمل کے دوران فلو کی ویکسین لگوانا محفوظ ہے؟

2009 سے بہت سے ممالک حمل میں فلو کی ویکسین لگوا چکے ہیں، اور برطانیہ میں 2 ملین سے زیادہ ویکسینز حاملہ خواتین کو دی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی طرف سے تحفظ فراہم کرنے کا ریکارڈ انتہائی شاندار ہے۔

مجموعی طور پر، خود اور اپنے بچے کو فلو انفیکشن کے خطرے سے دوچار کرنے کے بجائے، اپنی ویکسین لگوا لینا آپ کے لیے زیادہ محفوظ تر ہے۔

## فلو ویکسین کتنی مؤثر ہے؟

حمل میں فلو ویکسین لگوانا آپ یا آپ کے شیر خوار بچے کے فلو جیسے مرض میں مبتلا ہونے کا امکان آدھا کر دیتا ہے۔ ویکسین لگوائی ہوئی خواتین سے پیدا ہونے والے بچوں کی زندگی کے ابتدائی 6 مہینوں میں فلو کے باعث ان کے اسپتال میں داخل ہونے کا امکان تقریباً 70% کم ہو جاتا ہے۔

**« فلو حاملہ خواتین اور ان کے بچوں کے لیے ایک سنگین مرض ثابت ہو سکتا ہے۔ حاملہ خواتین کو اپنے ہر حمل کے دوران فلو کی مفت ویکسین لگوانی چاہیے۔ یہ ستمبر سے شروع کرکے حمل کے کسی بھی مرحلے پر دی جا سکتی ہے۔**

## اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ اپنے GP پریکٹس، مڈوائف یا ہیلتھ ٹیم سے رابطہ کرکے اپنی ویکسینز لگوانے کے لیے اپائنٹمنٹ طے کر سکتی ہیں۔ فلو، کالی کھانسی اور RSV ویکسینز سبھی کو بازو میں انجکشن کے ذریعے دیا جاتا ہے۔
عمومی منفی اثرات معمولی ہوتے ہیں جن میں شامل ہیں:

- انجکشن کے مقام پر سوزش اور سرخی
- سر درد اور عضلات میں درد
- معمولی بخار یا تھکاوٹ

آپ فلو کا کتابچہ یہاں پڑھ سکتے ہیں:

www.gov.uk/government/publications/flu-vaccination-who-should-have-it-this-winter-and-why

# آپ کے حاملہ ہونے سے پہلے

اگر آپ ابھی تک حاملہ نہیں ہیں، لیکن مستقبل قریب میں حاملہ ہونے کی توقع کر رہی ہیں، تو آپ کو اپنی دیگر ویکسینز پر اپ ٹو ڈیٹ رہنا یقینی بنانا چاہیے۔

## روبیلا (جرمن خسرہ)

روبیلا انفیکشن عموماً ایک معمولی انفیکشن ہوتا ہے جو ریشز کا عارضہ لاحق کرتا ہے۔

حمل کے دوران روبیلا ہونا آپ کے بچے کے لیے بہت سنگین ہو سکتا ہے، کیونکہ اس سے کونجینیٹل روبیلا سینڈروم (CRS) نامی عارضہ پیدا ہوتا ہے۔ CRS بہرے پن، اندھے پن، موتیا (آنکھوں کے مسائل)، دل کے مسائل اور/یا نشوونما میں تاخیر کا سبب بن سکتا ہے۔ اس کا نتیجہ بچے کی موت یا اسقاطِ حمل کی صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔



## حمل میں روبیلا کے مرض کے خلاف تحفظ


اگر بچپن میں آپ کو MMR ویکسین کی دو خوراکیں دی گئی تھیں تو حمل کے دوران آپ عمدہ تحفظ کی حامل رہیں گی۔ ہمارے کامیاب ویکسین پروگرام کی بدولت، روبیلا انفیکشن اب UK میں نہ ہونے کے برابر ہے۔

اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ آپ کو بچپن میں ویکسین لگائی گئی تھی یا نہیں، تو آپ اپنے GP سرجری سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ اگر آپ کو نہ لگائی گئی ہوں، تو آپ اپنی ویکسینز پوری کر سکتی ہیں، سب سے بہتر تو یہ ہے کہ حمل ٹھہرنے سے پہلے ہی مکمل کر لیں۔ ورنہ، آپ کو بچے کی پیدائش کے فوراً بعد ویکسین لگوا لینی چاہیے۔

MMR ویکسین میں لائیو (کمزور کردہ) وائرس ہوتا ہے لہٰذا حمل کے دوران اس کا مشورہ نہیں دیا جاتا۔

## میں پہلے ہی حمل سے ہوں مگر مجھے اپنی MMR نہیں لگی ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جیسے ہی آپ کا بچہ پیدا ہو جائے، تو آپ اپنی MMR ویکسینز لگوا سکتی ہیں۔ اس سے آپ اور آپ کے بچے کو خسرہ اور روبیلا سے تحفظ ملے گا۔ MMR کی دونوں خوراکیں لگوانا آپ کو خسرہ اور گلھڑ کے خلاف بھی طویل المیعاد تحفظ دے گا۔



## حمل میں ریشز

### اگر میں کسی ایسے فرد کی قربت میں رہوں جسے ریشز ہوں، یا اگر مجھے ریشز ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

بعض انفیکشنز جو ریشز پیدا کرتے ہیں، بشمول روبیلا، وہ حاملہ خواتین میں پیچیدگیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو روبیلا سے تحفظ حاصل ہو، تب بھی حمل کے دوران کسی بھی وقت آپ کو ریشز کی بیماری ہونے یا ریشز میں مبتلا کسی فرد کے قریب آنے پر اپنی مڈوائف، GP یا ماہرِ امراضِ نسواں کو فوراً لازمی طور پر مطلع کرنا چاہیے۔

براہِ کرم قبل از پیدائش نگہداشت کے کسی بھی کلینک، کسی بھی زچہ بچہ ماحول یا کسی بھی دوسری حاملہ عورت سے اُس وقت تک دور رہیں جب تک کہ آپ کا تجزیہ نہیں ہو جاتا۔

یہ پتہ لگانے کے لیے آپ کے ٹیسٹس کیے جا سکتے ہیں کہ آیا آپ کو انفیکشن تو نہیں۔ آپ کا تجزیہ کرنے والے معالج کو درج ذیل معلومات درکار ہوں گی:

- آپ کے حمل کو کتنے ہفتے ہوئے ہیں
- ریشز میں مبتلا فرد سے رابطہ کب ہوا تھا
- وہ تاریخ جس پر آپ میں پہلی مرتبہ ریشز پیدا ہوئے یا جب آپ ریشز میں مبتلا فرد سے رابطے میں آئیں
- ریشز کی تفصیل (ابھرے ہوئے ہیں، اونچے نیچے ہیں یا مواد سے بھرے ہوئے دانے ہیں؟)
- ماضی میں آپ کو کونسے انفیکشنز ہو چکے ہیں جیسے کہ چکن پوکس، خسرہ
- ماضی میں آپ کو کون کونسی ویکسینز لگ چکی ہیں

**« اگر حمل کے دوران آپ ریشز میں مبتلا کسی فرد کی قربت میں آ جائیں یا آپ میں ریشز پیدا ہو جائیں، تو جتنا جلد ہو سکے اپنے GP یا مڈوائف سے مشورہ طلب کریں۔ اگر آپ نے ریشز کے عارضے کی اطلاع دینے میں تاخیر کی، تو ممکن ہے آپ کو درست تشخیص یا کوئی تجویز کردہ علاج فراہم کرنا ممکن نہ ہو۔**

# دیگر ویکسینز جن پر اپنی مڈوائف سے بات کرنی چاہیے

## COVID-19

حمل کے دوران COVID-19 میں مبتلا ہونے کا خطرہ اس وباء کے آغاز کے مقابلے میں اب بہت کم ہے، مگر حاملہ خواتین ابھی بھی موسمِ خزاں میں ویکسینیشن کے لیے اہل ہیں۔ یہ ویکسین چند ماہ کے لیے آپ کے شدید COVID-19 میں مبتلا ہونے کا امکان کم کر دے گی، جو اس صورت میں زیادہ ضروری ہو جاتی ہے کہ جب آپ میں دیگر عوارض بھی موجود ہوں۔ آپ کے جسم سے پیدا ہونے والے اینٹی باڈیز آپ کے پیٹ میں موجود بچے تک منتقل ہو جائیں گے اور اسے اپنی زندگی کے ابتدائی ہفتوں اور مہینوں میں کچھ تحفظ فراہم کریں گے۔

## ہیپاٹائٹس B

پیدائش کے وقت، ہیپاٹائٹس B کے انفیکشن میں مبتلا (یا جن کا حمل کے دوران ہیپاٹائٹس B کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو) ماؤں سے پیدا ہونے والے بچوں کو پیدا ہوتے ہی ہیپاٹائٹس B ویکسین دینی چاہیے۔ جب آپ کا بچہ 1 سال کا ہو جائے تو اسے ویکسین کی مزید خوراکیں دینے اور انفیکشن کی جانچ کے لیے خون کا ٹیسٹ کروانے کی غرض سے اپنے GP سرجری کے ساتھ انتظامات کرنے چاہئیں۔ www.gov.uk/government/publications/protecting-your-baby-against-hepatitis-b-leaflet

### BCG

ایسے والد یا والدہ (یا دادا دادی/نانا نانی) کے پیدا ہونے والے بچے جن کا تعلق ایسے ملک سے ہو جہاں ٹی بی عام ہے، تو انہیں ٹی بی سے محفوظ رکھنے کے لیے BCG ویکسین دینی چاہیے۔ www.gov.uk/government/publications/tb-bcg-and-your-baby-leaflet

**« حمل کے دوران (اور آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد) تجویز کردہ ویکسینز لگوانا وہ بہترین مؤثر اقدام ہے جو آپ خود اور اپنے بچے کے لیے ویکسین کی مدد سے قابلِ تحفظ انفیکشنز کا خطرہ کم کرنے کے لیے کر سکتی ہیں۔**

**اپنے بچے کو 8، 12 اور 16 ہفتوں میں اُس کی اپنی ویکسینز لگوانے کا مطلب یہ یقینی بنانا ہوگا کہ یہ تحفظ اُس کی عمر کے ابتدائی سالوں میں جاری رہے جب وہ زیادہ خطرے کا شکار ہوتا ہے۔**

## مزید معلومات کے لیے لنکس

- www.nhs.uk/Conditions/vaccinations/Pages/vaccination-schedule-age-checklist.aspx
- www.gov.uk/government/collections/immunisation
- www.medicines.org.uk/emc
- اپنے بچے کی زندگی کے پہلے سال میں ویکسینز کے بارے میں جاننے کے لیے آپ یہ پڑھ سکتے ہیں www.gov.uk/government/publications/a-guide-to-immunisations-for-babies-up-to-13-months-of-age

# حمل کی ویکسین کا ریکارڈ

ذیل میں اپنے حمل کی ویکسین کا ریکارڈ رکھیں تاکہ یہ یقینی بن سکے کہ آپ اور آپ کا بچہ فلو، کالی کھانسی کے خلاف تحفظ سے کبھی محروم نہ رہ جائے

| ویکسین | اسے کب لگایا جائے | لگائی جانے والی تاریخ |
|---|---|---|
| **فلو** | آپ کے حمل کے دوران کسی بھی وقت فلو کے موسم میں۔ | |
| **کالی کھانسی** | سب سے بہتر یہ ہے کہ آپ کے 18 سے 20 ہفتوں کے اسکین کے بعد۔ 16 ہفتوں سے لے کر بچے کی پیدائش کے وقت تک بھی لگائی جا سکتی ہے۔ | |
| **RSV** | 28 ہفتوں کی حاملہ ہونے پر آپ کو اپنی RSV ویکسین لگوانی چاہیے۔ | |
| **MMR کی خوراک 1*** | آپ کا بچہ پیدا ہو جانے کے بعد، پیدائش کے بعد 6 ہفتے گزرنے پر (اپنے GP یا پریکٹس نرس سے پوچھیں) | |
| **MMR کی خوراک 2*** | پہلی خوراک کے چار ہفتوں بعد (درج بالا ہدایت کے مطابق)۔ | |

*اگر پہلے کوئی ویکسین نہیں لگائی گئی

## حمل کے دوران اپنی ویکسینز لگوانا آپ کے حمل کو تحفظ دیتا ہے۔ اپنی مڈوائف، GP پریکٹس یا ہیلتھ ٹیم سے بات کریں اور یقینی بنائیں کہ آپ اپنے لیے بالکل صحیح وقت پر انہیں لگوا لیں۔



© Crown copyright 2024

24PYPB01UR Urdu. 1P 250K OCT 2024
UK Health Security Agency gateway number: 2024721
پہلی اشاعت جون 2024

اس کتابچے کا ترجمہ مختلف زبانوں اور قابلِ رسائی فارمیٹس میں بھی دستیاب ہے۔ اس کتابچے کی مزید نقول منگوانے کے لیے www.healthpublications.gov.uk پر جائیں یا فون کریں 0300 123 1002
Minicom: 0300 123 1003 (صبح 8 سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ)

**www.nhs.uk/conditions/vaccinations/nhs-vaccinations-and-when-to-have-them**